سوال

(12) معراج جسمانی کا منکر مسلمان ہے یا کافر؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کا عقیدہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وعلیہ وسلمٍ کو جسمانی معراج نہیں ہوا۔ صرف بزریعہ خواب معراج ہوا ہے اور عذاب قبر کوئی نہیں۔ منکر نکیر سوال وجواب نہیں کریں گے۔ نیز حضرت عیسی علیہ السلام مردے زندہ نہیں کرتےتھے۔ دوبارہ دنیا میں تشریف نہیں لائیں گے۔ حضرت عزیرؑ دوبارہ زندہ نہیں ہوئےتھے۔ ایسا عقیدہ رکھنے والا شخص مسلمان ہے یا کافرہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیہ وسلمٍ کو معراج جسمانی حالت میں ہوا۔ جو شخص معراج جسمانی نہ مانے وہ بد عتی اور گمراہ ہے۔ اس کی امامت درست نہیں۔ معراج جسمانی کے ثبوت میں میرا ایک رسالہ ہے۔ جو اس وقت ختم ہے اس کا ملخص مولانا ابوالسلام محمد صدیق صاحب سرگودھا نے رسالہ کی شکل میں چھاپ دیا ہے (فتاوی روپڑی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 10 ص 26

محدث فتویٰ